SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

July 21, 2016

ایس ای سی پی نے میوچل فنڈز کے اخراجات کے کل تناسب کے لئے حساب اور اظہار کے مطلوبات متعارف کرادئے

اسلام آباد ۲۱ جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے تمام ایسّٹ مینجمنٹ کمپنیوں (اے ایم سیز) کو یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ ہدایت نامہ نمبر ۲۳ بابت ۲۰۱۶ میں متعارف کرائے گئے معیار کے مطابق اپنے زیر انتظام تمام میوچل فنڈز کے حوالے سے کل اخراجات کے تناسب (ٹی ای آر) کا تخمینہ لگائیں اور اسے ظاہر کریں۔ ایس ای سی پی کے مطابق یہ مطلوبات میوچل فنڈ انڈسٹری میں یکسانیت لائیں گے اور سرمایہ کاروں کو مکمل معلومات کی روشنی میں فیصلہ کرنے کے مواقع فراہم کریں گے۔

ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹی فائیڈ اینٹی ٹیز ریگولیشنز، ۲۰۰۸ میں ترامیم کے ذریعے میوچل فنڈز کے اخراجات کے کل تناسب کا نظریہ متعارف کرایا ہے اور ٹی ای آر کی میوچل فنڈز کی مختلف اقسام کے مطابق حد بندی بھی کی ہے۔

حساب کتاب کے طریقوں کو مزید بہتر بنانے کے لئے ایس ای سی پی تمام اے ایم سیز کو ہدایات دی ہیں کہ وہ روزانہ کے اخراجات اور اس مخصوص میوچل فنڈ کے کل اثاثوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے سٹینڈرڈائزڈ فارمولا کے ذریعے ہر میوچل فنڈ کے ٹی ای آر کا تخمینہ لگائیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432

اے ایم سیز کے لئے اب سے یہ لازم ہو گا کہ وہ ہر سہ ماہی کے آخر میں میوچل فنڈ کی نیٹ ایسٹ ویلو (این اے وی) درست کریں اگر فنڈز کی ٹی ای آر ضوابط میں مخصوص حد سے تجاوز کر جائے۔

اے ایم سیز ہر مالی سال کے آخر میں تخمینہ لگائے گئے سالانہ ٹی ای آر کی بنیادوں پر میوچل فنڈز میں تجاوز کر جانے والی رقم واپس کریں گی۔

مزید یہ کہ اے ایم سیز میوچل فنڈ کے مرحلہ وار فنانشل سٹیٹمنٹ کے ساتھ ساتھ فنڈ مینجر کی ماہانہ رپورٹ میں ٹی ای آر ظاہر کرنے کے بھی پابند ہوں گے۔ مذکورہ ہدایات اس ای سی پی کی ویب سائٹ www.secp.gov.pk پر موجود ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432